ایسے ستارے کی داستان جومیوات کے افق سے طلوع ہوااور اطرافِ عالم میں روشنی پھیلانے کے بعد آخر بستی نظام الدین میں غروب ہوگیا۔

● کتاب:تسہیل فارسی تالیف:مولانا مشتاق احمد

ضخامت:۱۱۲صفحات قیمت:درج نہیں ناشر:المیزان۔الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

جدید اساتذہ کرام میں فارسی کا ذوق بہت کم ہے۔خاص طور پر ایم اے اردو کر لینے کے بعد آدمی سمجھتا ہے کہ میں اردو کا ماسٹر ہوگیا ہوں حالانکہ اردو کے بہت سارے الفاظ وتراکیب فارسی سے مستعار ہیں۔کئی نام نہاد اساتذہ کو''خوش آمدید'' کی جگہ''خوش آمدِید''ہی کہتے سنا گیا ہے۔فاضل مؤلف نے کتاب ھٰذا میں بڑی محنت وکاوش سے فارسی گرامر کے قواعد جمع کر دیئے ہیں اور آسان انداز میں سمجھانے کی کوشش کی ہے۔امید ہے کہ یہ کتاب فارسی کے طلباء واساتذہ کے لیے مفید ثابت ہوگی۔

● کتاب:تحفہ سید الابرار ﷺ مرتب:محمد سیف اللہ خالد

ضخامت:۷۶صفحات قیمت:۱۰۰روپے ناشر:گوشۂ علم وادب بستی مٹھو خاص تحصیل شجاع آباد(ملتان)

مادیت والحادیت کے اس تاریک دور میں جبکہ ہر طرف باطل پرستی کا شور وغوغا ہے،کفر وشرک کی آندھی چل رہی ہے۔امن وسکون نام کی کوئی چیز باقی نہیں رہی۔دلوں کی بستیاں اجاڑ ہیں۔ایسے میں اذکار واستغفار خاص طور پر جو سرورِ کائنات ﷺ کی زندگی کا معمول رہے۔دلوں کو راحت وسکون کا سامان فراہم کرتے ہیں۔مرتب نے کتاب زیرنظر میں آپ ﷺ کے معمولات کی دعائیں یکجا کر دی ہیں،جو ایک مسلمان کے لیے بے شک راہ نجات کا کام دیتی ہیں۔اللہ تعالیٰ مرتب کی اس کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے۔

● کتاب:مولانا سید محمد یوسف بنوری،سوانح وافکار مرتب:مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی

ضخامت:۴۳۲صفحات قیمت:۲۰۰روپے ناشر:مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان

تبصرہ:محمد عمر فاروق:

محدث العصر حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری رحمتہ اللہ علیہ کی دینی وعلمی خدمات اس عہد کی تاریخ کا روشن باب ہیں۔اُن کی ہمہ جہات شخصیت کا ایک نمایاں پہلو یہ ہے کہ وہ تحفظ ختم نبوت کے محاذ پر قادیانیت کے خلاف اسلام کی شمشیرِ جگر دار تھے۔انہوں نے عقیدہ ختم نبوت کی پشتیبانی اپنے استاد،محدثِ کبیر حضرت علامہ سید محمد انور شاہ کاشمیریؒ سے دینی وراثت کے طور پر پائی تھی۔جب حضرت علامہ انور شاہ کاشمیریؒ نے ۱۹۳۰ء میں انجمن خدام الدین لاہور کے اجتماعِ عام میں حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کو''امیر شریعت'' کا اعزاز بخشا اور اُن کے ہاتھ پر بیعت کی تو اُن کے بعد دوسرے نمبر پر مولانا ظفر علی خان جب کہ تیسرے نمبر پر حضرت امیر شریعت کے دستِ مبارک پر بیعت کرنے کا اعزاز مولانا محمد یوسف بنوریؒ کو حاصل ہوا اور شیخ بنوریؒ نے تحفظ ختم نبوت کا یہ عہد تا دمِ آخر نبھایا۔